ملازمت کے مواقع

40.8 میگا واٹ کوٹو ہائیڈرو پاور کمپلکس ضلع دیر (لوئر)
پختونخواہ انرجی ڈویلپمنٹ اورگنائزیشن (PEDO) حکومت خیبر پختونخواہ پاکستان

40.8 میگاواٹ کوٹو ہائیڈرو پاور کمپلکس ڈسٹرکٹ دیر (لوئر) میں خالی آسامیوں پر مستقل بنیادوں پر تقرریوں کے لیئے ضلع دیر (لوئر) خیبر پختونخوا کا ڈومیسائل رکھنے والے اہل اُمیدواروں سے درخواست طلب کی جاتی ہیں۔

نمبر شمار	اسامی	تعداد اسامی	مطلوبہ قابلیت، تجربہ، حد عمر، کوٹہ
1	اسسٹنٹ سٹیشن اٹینڈنٹ (ASA) (BPS-6)	10	میٹرک (سائنس فرسٹ ڈویژن) کم از کم 2 سال متعلقہ تجربہ کے ساتھ، جو کہ سرکاری، خودمختار، نیم خودمختار یا نجی شعبے کے قومی یا بین الاقوامی اداروں میں حاصل کیا ہو۔ عمر کی حد 30 سال تک
2	ڈرائیور (BPS-6)	06	مڈل پاس درست LTV یا HTV ڈرائیونگ لائسنس یافتہ متعلقہ فیلڈ میں تجربہ کے حامل افراد کو ترجیح دی جائے گی۔ عمر کی حد 40 سال تک
3	نائب قاصد (BPS-3)	01	تسلیم شدہ بورڈ سے سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ عمر کی حد 40 سال تک۔
4	کک (BPS-3)	01	ترجیحاً پڑھا لکھا عمر کی حد 40 سال تک۔
5	مالی (BPS-3)	01	ترجیحاً پڑھا لکھا عمر کی حد 40 سال تک۔
6	سویپر (BPS-3)	01	ترجیحاً پڑھا لکھا عمر کی حد 40 سال تک۔

شرائط وضوابط!

درخواست دہندہ گان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ PEDO ویب سائٹ کے جاب سیکشن یعنی www.pedokp.gov.pk اور ریزیڈنٹ انجینئر کے دفتر سے ڈیٹا فارم وصول کر سکتے ہیں، درخواست گزار ڈیٹا فارم کو بھرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیں۔

1۔ PEDO درخواست دہندہ گان کے ڈیٹا فارم کو مکمل طور پر پُر اور دستخط شدہ تمام دستاویزات کی تصدیق شدہ کاپیوں کے ساتھ، تجربے کے سرٹیفکیٹس، اپ ڈیٹ شدہ CV، CNIC کی کاپی، 02 عدد پاسپورٹ سائز کی تصاویر اور دیگر تمام معاون دستاویزات ریزیڈنٹ انجینئر 40.8 میگاواٹ کوٹو ہائیڈرو پاور کمپلکس کو مورخہ 02/11/2026 تک یا قبل ارسال کریں۔

2۔ PEDO درخواست گزار کا ڈیٹا فارم معہ دستاویزات رجسٹرڈ کوریئر کمپنی کے ذریعے یا بذات خود دیئے گئے اڈریس پر جمع کرائے جاسکتے ہیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواست اور نامکمل معلومات اور شہادتوں کی کمی پر غور نہیں کیا جائے گا۔

3۔ بغیر کلیم تعلیم و تجربہ قابل قبول/شمار نہیں کیا جائے گا، نیز کلیم تعلیم و تجربہ معاون دستاویزات کے بغیر قبول/شمار نہیں کیا جائیگا۔

CamScanner

4۔ ہر پوسٹ کے لیئے ہر لحاظ سے مکمل علیحدہ درخواست دینا ہوگی اور سبجیکٹ/لفافہ پر پوسٹ کا نام واضح ہونا چاہیے۔

5۔ صرف اہل/شارٹ لسٹ شدہ اُمیدواروں کو انٹرویو کے لیئے بلایا جائیگا، شارٹ لسٹنگ PEDO ریگولیشنز 2024ء میں سلیکشن کے معیار کی بنیاد پر کی جائے گی۔

6۔ سرکاری/نیم سرکاری ملازمین اپنی درخواست بذریعہ اپنی محکمہ کی وساطت سے ارسال کریں۔

7۔ درخواست دہندگان کے پاس ضلع دیر (لوئر) خیبر پختونخواہ کا ڈومیسائل ہونا چاہیے، خواتین، اقلیتی، معذور، ٹرانس جینڈر اور دیگر کوٹہ کو میرٹ کے ساتھ مشروط عہدہ اور موزوں اُمیدوار کی دستیابی پر رکھا جائے گا۔

8۔ PEDO بھرتی کے عمل کے دوران کسی بھی وقت پوسٹوں کی تعداد میں اضافہ یا کمی یا کسی بھی/تمام پوسٹوں کو منسوخ کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

9۔ PEDO ریگولیشنز 2024ء کے ضوابط 10 کے مطابق مجاز اتھارٹی/فورم کے ذریعے اہل اُمیداروں کو عمر میں 10 سال تک کی چھوٹ دی جاسکتی ہے۔

10۔ کوئی بھی اُمیدوار جو براہ راست یا بالواسطہ طور پر بھرتی اور انتخاب کے عمل کو متاثر کرنے کی کوشش کرتا ہے تو اُسے نااہل قرار دیا جائے گا۔

11۔ اُمیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ درخواست فارم بھرتے وقت درست معلومات کا اندراج کریں، درخواست اور دستاویزات جمع کرانے کے دوران ڈومیسائل یا عمر یا اہلیت یا تجربے سمیت غلط معلومات کا ذکر کرنے والے اُمیدواروں کو حقائق کو مخفی قرار دیا جائے گا اور بھرتی اور انتخاب کے عمل کے کسی بھی مرحلے پر سختی سے باہر کر دیا جائے گا۔

12۔ ٹیسٹ انٹرویو کے لیئے کوئی TA/DA قابل قبول نہیں ہوگا۔

13۔ بھرتی اور انتخاب کے عمل سے متعلق معلومات بشمول انٹرویو اپ ڈیٹس PEDO کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کی جائے گی، اُمیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ بھرتی اور انتخاب کے حوالے سے ایسی کسی بھی معلومات اور اُس تاریخ کے لیئے P E D O کی ویب سائٹ یعنی www.pedokp.gov.pk کو کثرت سے دیکھیں۔

14۔ غلطیاں/کوتاہیاں اصلاح سے مشروط ہیں۔

(ریزیڈنٹ انجینئر)

40.8 میگاواٹ کوٹو ہائیڈرو پاور کمپلکس

تحصیل تیمر گرہ، ضلع دیر (لوئر)

CamScanner